~~Not Admitted~~

Session 20th
No 325
Date 2-7-2021
Home

Session 20th
No 331
Date 29-7-2021
Department Home

عنایت اللہ خان

ممبر صوبائی اسمبلی

تحریک التواء

جناب سپیکر صاحب!

میں صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا قواعد انضباط مجریہ 1988ء کے قاعدہ 69 کے تحت اس معزز ایوان میں ایک انتہائی اہم اور فوری عوامی نوعیت کے مسلہ سے متعلق تحریک التواء پیش کرتا ہوں جو کہ حالیہ دنوں میں پشاور اور اسلام آباد میں مختلف قسم کی ادویات کی میلاپ سے دس ویلر کے نام سے ایک نیا جان لیواء نشہ مارکیٹ میں آنے اور اس کے استعمال سے چند ماہ کے دوران درجنوں نوجوانوں کی ہارٹ اٹیک سے انتقال کے نتیجے میں عوام میں پائی جانی والی تشویش سے متعلق ہے۔

جناب سپیکر صاحب!

میڈیا رپورٹس کے مطابق پشاور اور اسلام آباد میں مختلف قسم کی ادویات کی آمیزش سے دس ویلر کے نام سے ایک نیا جان لیواء نشہ تیزی سے مارکیٹ میں لانچ ہو رہا ہے جس کے استعمال سے چند ماہ کے دوران درجنوں نوجوان ہارٹ اٹیک سے وفات پا گئے ہیں۔ اس نشہ نے آئس کو بھی پیچھے چھوڑ دیا ہے اور خاص طور پر نوجوان اس جان لیوا نشے کی لت میں مبتلا ہو رہے ہیں۔ اس نشے کے روک تھام کے لئے پہلے سے کوئی قانون موجود نہیں ہے اس وجہ سے یہ نشہ تیزی کے ساتھ صوبہ اور ملک بھر میں پھیلنے کا خدشہ موجود ہے۔ کئی سال قبل بروقت قانون سازی نہ ہونے کی وجہ سے آئش نشہ بھی تیزی کے ساتھ نہ صرف معاشرے میں پھیلا بلکہ اس سے تعلیمی اداروں میں پڑھنے والے طلبہ بھی محفوظ نہیں رہے اور صوبہ بھر میں ہزاروں لوگ آئس کی لت میں مبتلا ہیں۔ اور اب ضلع خیبر، پشاور اور اسلام آباد میں تیزی سے دس ویلر نامی نشہ بھی پھیل رہا ہے جو کوکین، ایفیڈرین، پنرامین (Pheniramine) اور فنتنائل کے میلاپ سے تیار کیا جاتا ہے اور یہ خطرناک نشہ سیرپ اور انجکشن دونوں شکلوں میں فروحت ہو رہا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اس نشے کے استعمال سے دو ماہ میں درجنوں نوجوان دل اور پھیپھڑے متاثر ہونے کے بعد جان سے ہاتھ دھو بیٹھے ہیں۔ اس نشے کے روک تھام کے لئے اگر بروقت کوئی انتظام نہیں کیا گیا تو آئس کی طرح یہ بھی تیزی سے نوجوانوں کو اپنی لپیٹ میں لے سکتا ہے۔

لہذا ان حالات میں اس معزز ایوان میں معمول کی کاروائی کو روک کر اس انتہائی اہم عوامی مسلے کو زیر بحث لایا جائے کہ اینٹی نارکاٹیکس، ایکسائز اور پولیس جیسے اہم محکموں کی موجودگی کے باوجود دس ویلر نامی نشہ کس طرح پھیل رہا ہے؟ متعلقہ وزراء اس بارے میں اصل حقائق قوم کے سامنے لائیں تا کہ عوام میں پائی جانی والی تشویش کا سد باب ممکن ہو سکے۔ بہت شکریہ

1، عنایت اللہ خان	2، سراج الدین خان	3، حمیرا خاتون
ایم پی اے پی کے 12	ایم پی اے پی کے 102 PK.102	ایم پی اے

ADJOURNMENT MOTION

Session No. 20th
Notice No. 325
Received Time: 1:00
Received Date: 2/7/2021
From Mr./Ms. عنایت اللہ, MPA

For immediate n.a please
2/8/7/021
Notice office